CHILD HEALTH PLUS

منصوبہ

منتخب کرنا

NY State of Health کے ذریعہ ایک منصوبہ منتخب کرنے کے لیے مفید تجاویز

Human Resources Administration
Department of Social Services

CHILD HEALTH PLUS آمدنی یا ترک وطنی کی صورتحال سے قطع نظر سبھی بچوں کے لیے مفت یا کم قیمت نگہداشت صحت فراہم کرتا ہے۔ اگر آپ اہل قرار پاتے ہیں تو آپ کو اپنے بچے کے لیے ایک صحت منصوبہ منتخب کرنا ہوگا۔ صحت منصوبے آپ کی نگہداشت کے لیے ادائیگی کرنے کے لیے ڈاکٹروں، کلینکس، ہسپتالوں اور فارمیسیز کے ایک گروپ (نیٹ ورک) کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ آپ کو صحت منصوے کے ڈاکٹرو ں میں سے ایک کا انتخاب اپنے بچے کے ابتدائی نگہداشت فراہم کنندہ (Primary Care Provider, PCP) کے بطور کرنا ہوگا۔ آپ کا بچہ یا بچی نگہداشت کے لیے اپنے PCP اور منصوبے کے نیٹ ورک کے دوسرے ڈاکٹروں کے پاس جائے گا/گی۔

Child Health Plus کے منصوبے آپ کے گھرانے کی آمدنی کے لحاظ سے مفت ہیں یا ان کا ایک ماہانہ پریمیم ہے۔ منصوبے نگہداشت صحت کی انہی خدمات کا احاطہ کرتے ہیں۔ لیکن وہ سبھی ایک جیسے نہیں ہیں:

- ان میں ڈاکٹر اور ہسپتال کے مختلف نیٹ ورکس ہو سکتے ہیں
- وہ مختلف نسخہ والی دواؤں کا احاطہ کر سکتے ہیں
- ان میں معیار اور مریض کی طمانیت سے متعلق مختلف درجہ بندیاں ہو سکتی ہیں

ایک منصوبہ چننا

آپ کے بچے کے لیے بہترین منصوبہ پتہ کرنے میں آپ کی مدد کے لیے:

- آپ جس ڈاکٹر کو باقاعدہ طور پر بچے کو دکھاتے ہیں اس سے Child Health Plus کے ان منصوبوں کے نام پوچھیں جو وہ قبول کرتے یا کرتی ہیں۔
- منصوبے کے نیٹ ورک پر نگاہ ڈال کر دیکھ لیں کہ آیا صحت کے منصوبے کے ڈاکٹر، ہسپتال اور کلینکس آپ کے قریب ہیں۔
- چیک کرکے دیکھ لیں کہ آیا صحت کا منصوبہ آپ کے بچے کی دواؤں کا احاطہ کرتا ہے۔
- اس امر پر غور کریں کہ آیا صحت کا منصوبہ آپ کی زیر استعمال فارمیسی پر نسخہ والی دوائیں آپ کو لینے دے گا۔
- منصوبے کی سالانہ کارکردگی سے متعلق صارف کے رہنما کتابچہ کا جائزہ لیں، جو منصوبوں کی خدمات، کارکردگی اور صارف کی طمانیت کے لحاظ سے ان کی درجہ بندی کرتا ہے۔ رہنما کتابچہ تک رسائی کے لیے، ملاحظہ کریں: http://www.health.ny.gov/health_care/managed_care/consumer_guides/nyc/medicaid/
- اگر آپ صحت کے منصوبے کی پوری لاگت ادا کر رہے ہوں گے تو اپنی پسند کے منصوبوں کے لیے ماہانہ پریمیمز کا موزانہ کریں اور آپ جس چیز کے متحمل ہو سکتے ہیں اس بارے میں سوچیں۔

پریمیم ادا کرنا

زیادہ آمدنی والے کچھ خاندانوں کو Child Health Plus کے لیے ماہانہ پریمیم ادا کرنا ضروری ہے۔ اس کوریج کا آغاز تب تک نہیں ہوتا جب تک پہلے مہینے کا پریمیم ادا نہ کردیا جائے۔ آپ بل وصول ہونے سے پہلے پریمیم کا زر تعاون بھیج سکتے ہیں۔

New York City Child Health Plus کے منصوبے

Affinity Health Plan 1(866) 247-5678
Fidelis Care New York 1(888) 343-3547
EmblemHealth (HIP) 1(800) 447-8255
Empire Blue Cross Blue Shield Health Plus 1(800) 600-4441
Healthfirst PHSP, Inc. 1(866) 463-6743
MetroPlus Health Plan 1(800) 303-9626
United Healthcare Community Plan 1(800) 493-4647
WellCare of New York 1(800) 288-5441

مزید معلومات کے لیے، براہ کرم www.nyc.gov/hilink پر NYC Health Insurance Link ملاحظہ کریں

BRC-961 (B)
Rev. 05/16

Copyright 2016, The City of New York. Human Resources Administration/Department of Social Services.
اس مواد کا کل یا بعض حصہ دوبارہ پیش کرنے کی اجازت کے لیے **New York City Human Resources Administration** سے رابطہ کریں۔